# حب الوطنی [Patriotism] پر فتوی

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

**الاستفتاء:** کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ حب الوطنی کے بارے میں اسلام کیا کہتا ہے۔ کیا کوئی ایسی حدیث ہے جو اس کو Support کرتی ہو یعنی حب الوطن من الایمان۔آج کل جو کچھ حب الوطنی کے نام پر ہوتا ہے یعنی میوزیکل گانے اور بے حیائی کے پروگرام کیا یہ جائز ہے؟

سائل: رفیق فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اپنے وطن سے محبت کرنا ایک فطرتی امر ہے اور قرآن وسنت بھی اس سے منع نہیں کرتے اور جس سے قرآن وسنت منع نہ کریں کم از کم وہ جائز ضرور ہوتا ہے۔ مگر حب الوطن من الایمان جیسے الفاظ حدیث سے ثابت نہیں بلکہ علماء کرام نے بالاتفاق فرمایا کہ ہم ایسی حدیث پر واقف نہیں۔امام شمس الدین سخاوی نے مقاصد حسنہ میں اور امام جلال الدین سیوطی نے الدرالمنتشرہ میں فرمایا لم اقف علیہ میں اس حدیث سے آگاہ نہیں ہو سکا۔

(المقاصد الحسنہ للسخاوی حدیث ۳۸۶ دارالکتب العلمیہ بیروت ص ۱۰۹/الدرر المنتشرۃ فی الاحادیث المشتھرۃ حروف الحاء حدیث ۱۸۹ المکتب الاسلامی بیروت ص ۱۰۰)

سیدی اعلی حضرت امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں کہ حب الوطن من الایمان یعنی وطن کی محبت ایمان کا حصہ ہے۔نہ حدیث سے ثابت نہ ہرگز اس کے یہ معنی،اور آگے آپ علیہ الرحمۃ اوپر والا حوالہ نقل کرنے بعد فرماتے ہیں کہ امام سخاوی نے اس کی اصل ایک اعرابی بدوی اور حکیمان ہند کے کلام میں بتائی کما یظھر بالرجوع الیہ۔[فتاوی رضویہ ج ۱۵ ص ۲۹۶]

مگر حب الوطنی کی آڑ میں خلاف شرع کام کرنا گانے باجے یا میوزیکل پروگرام وترانے کہنا یا ایسی حب الوطنی اختیار کرنا جو اللہ ورسول عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے مقابل میں ہو حرام وناجائز ہے۔

سیدی اعلی حضرت امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے قرآن عظیم میں اپنے بندوں کی کمال مدح فرمائی جو اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت میں اپنا وطن چھوڑیں، یار ودیار سے منہ موڑیں، اور ان کی سخت مذمت فرمائی جو جب وطن لئے بیٹھے رہے اور اللہ ورسول کی طرف مہاجر[ہجرت کرنے والے] نہ ہوئے۔اللہ تعالی فرماتا ہے۔

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ اور جو اللہ کی راہ میں گھر بار چھوڑ کر نکلے گا وہ زمین میں بہت جگہ اور گنجائش پائے گا اور جو اپنے گھر سے نکلا اللہ و رسول کی طرف ہجرت کرتا پھر اسے موت نے آ لیا تو اس کا ثواب اللہ کے ذمہ پر ہو گیا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے **[سورة النساء:۱۰۰]**

جو مدینہ طیبہ کی حاضری پر حب وطن کو ترجیح دیں وہ ظالموں کی طرح ہیں اور جو حب وطن کو خاک بوسی آستان عرش نشان پر تصدق کریں وہ ان مقبولوں میں ہیں۔۔۔ اور آگے فرماتے ہیں کہ وہ وطن جس کی محبت ایمان سے ہے وطن اصلی ہے جہاں سے آدمی آیا اور جہاں جانا ہے۔ کن فی الدنيا كانک غريب او عابر سبيل: **وحسبنا الله ونعم الوكيل** ۔ دنیا میں اس طرح رہو جیسے اجنبی ہو یا مسافر، اور ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہی سب کا کارساز ہے۔

(كنز العمال حديث ۶۱۲۷ موسسة الرساله بيروت ۱۹۶/۳ فتاوی رضويه ج ۱۵ ص ۲۹۷)

والله تعالى اعلم ورسوله اعلم صلى الله عليه وآله وسلم

## كتبه ابوالحسن محمد قاسم ضياء قادری

**QUESTIONER: RAFEEQ FROM UK**

**What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding patriotism? Are there any Hadith which support this [patriotism], such as "حب الوطن من الايمان"? Also, Is all that is happening today in the name of patriotism, such as the use of musical instruments, singing and immodest programmes, permissible?**

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

**ANSWER:**

Having love for one's country is a natural inclination, and the Qur'ān and Sunnah do not prohibit this; something which isn't forbidden in the Qur'ān or Sunnah is at the very least, permissible [jā'iz]. However, the words "**حب الوطن من الايمان**" are NOT proven from Hadith. Furthermore, the scholars [with agreement] have said we are not aware of such a Hadith.

Imām Shams al-Dīn al-Sakhāwī and Imām Jalāl al-Dīn Suyūtī state in al-Maqāsid al-Hasanah and al-Durrar al-Muntashirah, respectively:

"I have not come across it"

[al- Maqāsid al-Hasanah, Hadith 386, pg 109 & al-Durrar al-Munstashirah fī al-Ahādīth al-Muntashirah, Hadith 189, pg 100]

My master A'lā Hazrat the Leader of the Ahl al-Sunnah, al-Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh cover him with mercy) states: "the words: حب الوطن من الايمان (love for one's homeland is a part of faith) are not established from ahādīth and neither their meaning". After relating the aforementioned reference, he [A'lā Hazrat] further states: "Imām al-Sakhāwī attributes it's origin [asl] towards a bedouin, and the intellectuals of India [Hind] as is apparent if one returns to his referencing."

[al-Fatāwā al-Ridawiyyah, Volume 15, pg 296]

Be that as it may, doing acts in the name of patriotism which conflict with shari'āh, namely: singing, dancing, using musical instruments, chanting anthems and doing anything which is in opposition of love for Allāh (the Most High) and His Messenger (may the peace and blessings of Allāh be upon him) are all harām and impermissible.

My master A'lā Hazrat the Leader of the Ahl al-Sunnah, al-Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh cover him with mercy) states: "In the glorious Quran,Allāh (Most High) praises those of His people who leave their homeland for the sake of Allāh (Most High) and His Messenger (may the peace and blessings of Allāh be upon him), and He (Most High) severely condemns those who remain in their homeland and do not emigrate towards Allah and His Messenger. Allāh (Most High) mentions:

"Whosever migrates in the way of Allāh will find abundant space on the earth. And whosever goes forth from his home as an emigrant for Allāh and His Messenger and death overtakes him, then his reward lies with Allāh. And Allāh is Ever Forgiving, Most Merciful"

[Sūrah an-Nisā, Verse 100]

The one who prefers his own country over being present in Blessed Madinah is like the transgressors, and the one who sacrifices his love for his own country for the abode of The Chosen One (may the peace and blessings of Allāh be upon him) will be counted amongst the accepted ones [in the Divine Court]". He (A'lā Hazrat) furthers writes: "that abode whose love is a part of faith is the original abode; from whence man came and to where he is to return".

"Live in this world as though you are a stranger or a wayfarer"

And Allah is sufficient for us and He is the best Disposer of affairs.

[Kanz al-'Ummāl, Hadith 6127, Volume 3, pg 194 &al-Fatāwā al-Ridawiyyah, Volume 15, pg 297]

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**